حل صرف کتاب وسنّت میں مضمر ہے ـــــ یاد رکھیے، آپ کی یہ آواز نعرہ بن جانی چاہیے کہ!

"وَمَا آتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا!"

اور پھر اس مقدس مشن کی تکمیل کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں میدانِ عمل میں لے آئیں ـــــ واللہ الموفق! ـــــ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین!

(اکرام اللہ ساجد کیلانی)

شعر و ادب

جناب تابش مہدی ایڈیٹر "الایمان"
دیوبند (بھارت)

پتھر سے امّید عبث ہے

کالے ہوں یا اُجلے پتھر
ہوتے ہیں کب کس کے پتھر

پتھر سے امید عبث ہے
پتھر تو ہیں پگلے پتھر

درد و سوز کے پیکر انساں
ہو جاتے ہیں کیسے پتھر

پریم نگر کی ریت یہی ہے
کھالے خوشی سے پیارے پتھر

پھولوں کی نگری میں تابش!
ہم نے اکثر دیکھے پتھر